**Maulana Azad National Urdu University**

**M.A. (Urdu) I Semester Examination, December 2023**

**Paper : MAUR101CCT : Lisaniyaat**

**پرچہ : لسانیات**

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) مقدمۂ تاریخ زبان اردو کا پہلا ایڈیشن کب شائع ہوا تھا؟

(a) 1948 (b) 1950 (c) 1952 (d) 1954

(ii) لسانیات کی کون سی تعریف صحیح ہے؟

(a) لسانیات زبان کا مطالعہ ہے
(b) زبان کے صوری پہلوؤں کا مطالعہ ہے
(c) زبان کے معنوی پہلوؤں کا مطالعہ ہے
(d) زبان کے صوری اور معنوی پہلوؤں کا سائنسی مطالعہ ہے

(iii) ذیل میں سے کس کا تعلق تلفظ کار سے ہے؟

(a) معنیات (b) فونیمیات (c) صوتیات (d) نحویات

(iv) معنیات کا مادّہ کیا ہے؟

(a) معنیٰ (b) معنےٰ (c) معنوی (d) معن

(v) مارفیم کی کون سی تعریف صحیح ہے؟

(a) زبان کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں
(b) لسانی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں
(c) زبان کی چھوٹی سے چھوٹی اور بامعنی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں
(d) زبان کی بامعنی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں

(vi) زبان کے آغاز کے یو۔ہی۔ہو (yo-he-ho) نظریے کی کیا معنویت ہے؟

(a) سماجی (b) سیاسی (c) معاشی (d) ادبی

(vii) ذیل میں سے کس نے اردو کے آغاز سے متعلق اپنے نظریے میں ہریانوی، کھڑی بولی، برج بھاشا اور میواتی کو بہت اہمیت دی ہے؟

(a) محمود خاں شیرانی (b) نصیرالدین ہاشمی (c) شوکت سبزواری (d) مسعود حسین خان

(viii) ذیل میں سے کون سی آواز حلقومی ہے؟

(a) ک (b) ق (c) خ (d) گ

(ix) فونیم کی کون سی تعریف صحیح ہے؟

(a) مخصوص زبان کی وہ چھوٹی سے چھوٹی لسانی اکائی جس میں معنی مضمر ہو۔

(b) چھوٹی سی چھوٹی لسانی اکائی کو فونیم کہتے ہیں۔

(c) صوت رکن کو فونیم کہتے ہیں۔

(d) تکلمی آواز کو فونیم کہتے ہیں۔

(x) پول بروکا کا تعلق کس سے ہے؟

(a) سماجی لسانیات (b) نفسی لسانیات (c) کمپیوٹری لسانیات (d) عصبی لسانیات

## حصہ دوم

2۔ لسانیات کیا ہے اور لسانیات کیا نہیں ہے پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔

3۔ مارفیمیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

4۔ معنیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں سے بحوالہ بحث کیجیے۔

5۔ زبان کی تعریف اور اس کے آغاز سے متعلق مختلف نظریات پر روشنی ڈالیے۔

6۔ اردو اور ہندی کے لسانی رشتوں پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔

7۔ ہند۔آریائی زبانوں کے عہد واری ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

8۔ نحویات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

9۔ فونیمیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

## حصہ سوم

10۔ صوتیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

11۔ لسانیات کی اہمیت وافادیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

12۔ اسلوبیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں سے بحوالہ بحث کیجیے۔

13۔ عصبی لسانیات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کے مختلف پہلوؤں پر مفصل روشنی ڈالیے۔

14۔ اردو کی ابتدا سے متعلق مختلف لسانی ماہرین کے نظریوں پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆